سہ ماہی
اردو ادب



Scanned by CamScanner

فہرست

اداریہ	صدیق الرحمٰن قدوائی	5
سلام مچھلی شہری (کچھ میں بھی کم شریر نہیں زندگی کے ساتھ)	بیدار بخت	7
امریتا پریتم کی آتم کتھا	فوزیہ خانم	24
بیگ احساس کا افسانوی فن ("دخمہ" کی روشنی میں)	فیروز عالم	51
گوشۂ انور سجّاد		
میں اور میرا فن	انور سجاد	84
اس ترجمے کی کہانی	انور سجاد	89
انور سجاد	سرور الہدیٰ	93
گوشۂ ڈاکٹر نریش		
ڈاکٹر نریش: ایک اجمالی جائزہ	جوگندر پال	107
ڈاکٹر نریش کے افسانوی سروکار	قمر رئیس	110
ڈاکٹر نریش میری نظر میں	کرامت علی کرامت	113
ڈاکٹر نریش میری نظر میں	امانی ندوی	115
ڈاکٹر نریش کی افسانہ نگاری	عبدالمتین جامی	120
ڈاکٹر نریش بہ طورِ افسانہ نگار (ایک مختصر جائزہ)	آر. ڈی. شرما تاثیر	128
ڈاکٹر نریش بہ حیثیت ڈرامہ نگار	دیوان سنگھ ناگپال	135
ڈاکٹر نریش - گائتری بنام کلمہ	ناشر نقوی	140
ڈاکٹر نریش کی شاعری (روایت سے جدّت تک)	ضیاء الرحمٰن صدیقی	148
غزلیں	ڈاکٹر نریش	153
شخص اور شاعر		
نسرین انجم بھٹی (اپنے بن باس کے ساتھ)	شمیم حنفی	156
خصوصی گوشہ		
شجرِ خاندان کا ایک بوسیدہ ثمر (خواجہ احمد عباس)	ترجمہ: ڈاکٹر نریش	165
سنیما		
بالی ووڈ کے فلمی نغموں میں اردو تلفظ کا بدلتا ہوا منظر نامہ (ایک لسانی جائزہ)	رضوان احمد، ترجمہ: وسیم احمد علیمی	176
کتاب اور صاحب کتاب		
حکیم احسن اللہ خاں (مصنف: پروفیسر حکیم سیّد ظل الرحمٰن)	مبصر: مولا بخش	202

Scanned by CamScanner

فیروز عالم

بیگ احساس کا افسانوی فن

(''دخمہ'' کی روشنی میں)

عصرِ حاضر کے افسانہ نگاروں میں پروفیسر بیگ احساس ایک مخصوص اور منفرد مقام کے حامل ہیں۔ ان کا افسانوی سفر کم و بیش چار دہائیوں کو محیط ہے لیکن اس پورے عرصے میں ان کے صرف تین افسانوی مجموعے ''حنظل''، ''خوشۂ گندم'' اور ''دخمہ'' منظر عام پر آئے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ بیگ احساس زود نویس نہیں ہیں۔ ان کے افسانوں میں تکرار، بے جا تفصیل اور بھرتی کے واقعات نہیں ہوتے۔ نقادوں کا خیال ہے کہ افسانہ بنیادی طور پر اختصار اور جامعیت کا متقاضی ہوتا ہے۔ اگر اس قول کو صحیح مانیں تو پھر بیگ احساس کے تقریباً ہر افسانے میں چوں کہ یہ اختصاص بدرجۂ اتم موجود ہے، اس لیے، انھیں اختصار اور جامعیت سے مملو قرار دیا جا سکتا ہے۔ قصہ پن اور تجسس کی کیفیت کے ذریعے وہ قاری کو اپنی کہانی کی طرف متوجہ کرنے کا فن بخوبی جانتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے طویل افسانوں میں بھی اکتاہٹ یا بوریت کا احساس نہیں ہوتا بلکہ قاری ان کے کرداروں کے ساتھ ساتھ کہانی میں شریک اور انجام کا بے صبری سے منتظر رہتا ہے۔ وہ قصے کی بُنت پر خصوصی توجہ صرف کرتے ہیں اور پلاٹ، کردار، مناظر، اسلوب غرض ہر جز و کو نک سک سے بالکل درست کرنے کے بعد ہی حتمی شکل دیتے ہیں۔ بیگ احساس کے افسانوں میں ذات کے ساتھ ساتھ کائنات کا کرب بھی موجود ہے۔ فرد کے مسائل، انسانی معاشرے کے مسائل، قدیم

Scanned by CamScanner